(شعبہ تعلقات عامہ)

<u>پریس ریلیز</u>

مورخہ 16مارچ ، 2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے جنرل الیکشن 2018ء کےلئے پولنگ عملے کی مرحلہ وار تربیت کا پہلا مرحلہ بخوبی طے کر لیا ہے ۔ پہلے مرحلے میں لیڈٹرینرز کو چاروں صوبوں میں ٹریننگ دی گئی ۔ آج اس سلسلے میں اختتامی تقریبات کراچی اور کوئٹہ میں ہوئی جس میں متعلقہ صوبوں کے صوبائی الیکشن کمشنر مہمان خصوصی تھے۔ ٹریننگ پانے والے 88 لیڈٹرینرز کو سرٹیفکیٹ دیئے گئے ۔ یہ پہلا مرحلہ 5 مارچ 2018ء سے شروع ہوا تھا اور آج 16 مارچ 2018ء کو اختتام پذیر ہوا۔

دوسرے مرحلے میں یہ لیڈٹرینرز چاروں صوبوں اور فاٹا مین 3000 ماسٹر ٹرینرز کی ٹریننگ کریں گے جو کہ اپریل 2018ء میں شروع کی جائے گی۔ تیسرے اور آخری مرحلے میں ماسٹر ٹرینرز پولنگ عملے کی تربیت کریں گے ۔ جس کا سلسلہ عام انتخابات 2018ء کے انعقاد سے پہلے مکمل کر لیا جائےگا۔ مجموعی طور پر تینوں مرحلوں میں 9 لاکھ پولنگ عملے کو تربیت دی جائے گی۔

****